# مجلس اجتماعی قربانی کے

# 23 مدنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# ’’کاش! دستِ آقا سے نَحر ہو گیا ہوتا‘‘ کے 23 حروف کی نسبت سے

# مجلس اِجتماعی قربانی کے 23 مدنی پھول

**فرمانِ امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ: دعوتِ اسلامی کا 99.99% کام اِنفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطّبَراني، الحدیث: ٥٩٤٢، ج٦، ص١٨٥) اس لیے مجلس ’’اجتماعی قربانی‘‘ کا ہر ذِمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ’’**72 مدنی انعامات**‘‘ میں سے ’’**مدنی انعام نمبر1**‘‘ پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ’’میں اللہ عزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے ’’**اجتماعی قربانی**‘ کا مدَنی کام، مدَنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ۔‘‘

﴿2﴾ مجلسِ مالیات کے تحت ایک شعبہ ’’مجلس اجتماعی قربانی‘‘ بھی ہے، اس مجلس کا کام دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی لیتے ہوئے، غیر شرعی و غیر تنظیمی کاموں سے بچتے ہوئے اجتماعی قربانی کو شریعت اور مدنی مرکز کے اصولوں کے دائرے میں رہتے ہوئے کرنا، کروانا، بڑھانا، اس کا ریکارڈ بنانا ہے۔

﴿3﴾ مجلس اجتماعی قربانی، کے ذمہ داران دیانت دار، با اَخلاق، باکردار اور دعوتِ اسلامی کی اِصطلاحات سے واقف ہونے چاہئیں جو کہ اپنے شعبے کے متعلق تمام شرعی اور تنظیمی معلومات رکھتے ہوں۔

﴿4﴾ مجلس اجتماعی قربانی کے ذمہ داران رِشوت، تعلقات، مُدَاھَنَت (مُدَاھَنَت کے لغوی معنی نرمی کے ہیں۔ ناجائز اور گناہ والے کام ملاحظہ کرنے کے بعد (اِسے روکنے پر قادِر ہونے کے باوجود) اِسے نہ روکنا اور دینی معاملے کی مدد و نصرت میں کمزوری و کم ہمتی کا مظاہرہ کرنا مداہنت کہلاتا ہے یا کسی بھی دُنیوی مفاد کی خاطر دینی معاملے میں نرمی یا خاموشی اختیار کرنا مُدَاھَنَت ہے) اور قربانی کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے ان کتب کا مطالعہ مفید رہے گا، مثلاً ابلق گھوڑے سوار، اجتماعی قربانی کے مدنی پھول اور بہارِ شریعت (جلد سوم حصہ 15 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی) نیز دارالافتاء اہلسنّت سے تنظیمی طریقِ کار کے مطابق رہنمائی لیتے رہیں (وقتاً فوقتاً مجلس اجتماعی قربانی کے ملکی سطح کے ذمہ داران، شہر، کابینہ و کابینات اور دیگر ذمہ داران کے ٹیسٹ بھی لیں)۔

﴿5﴾ مجلس اجتماعی قربانی کے ذِمہ داران، اجتماعی قربانی کے حوالے سے شخصیات سے پیشگی وقت لیکر ملاقات کریں ❀ بہتر یہ

www.dawateislami.net

ہے کہ ملاقات کے لئے 2 یا 3 اسلامی بھائی مل کر جائیں ❁ دورانِ ملاقات شخصیات کو **دعوتِ اسلامی** کے تحت ہونے والی اجتماعی قربانی، مختلف مدنی کاموں اور اس کے شعبہ جات مثلاً مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ، دارالمدینہ، مساجد کی تعمیرات، مدنی قافلہ، مدنی چینل، شعبۂ تعلیم، مجلس آئی ٹی، دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net)، خصوصی اسلامی بھائی کی مجلس، فیضانِ قرآن مجلس وغیرہ کا تعارف کروایئے، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطارؔ** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی دینی خدمات سے آگاہ کیجئے اور موقع پاتے ہی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا مرید یا طالب بنایئے ❁ دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں پر خرچ ہونے والے اخراجات بتا کر ماہانہ مدنی عطیات میں اور اجتماعی قربانی میں ان کو خود بھی حصہ لینے اور ان کے جاننے والوں کو بھی اس میں شامل ہونے کا ذہن دیجئے، ممکن ہو تو ان کے ہاں (دفتر، فیکٹری، کارخانہ وغیرہ میں) مدنی عطیات بکس رکھنے کی بھی ترکیب بنایئے ❁ دورانِ ملاقات اِختلافی مسائل، فُضول گفتگو اور سیاسی معاملات پر کلام کرنے سے **مکمل اجتناب کریں۔ اِنفرادی کوشش** کرتے ہوئے خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ، اِخلاص و اَخلاقِ حَسَنہ سے متعلق گفتگو کیجئے، نیز انبیاء و صحابہ و اولیاء (علیہم الصلوۃ والسلام وعلیہم الرضوان) کی اسلام کی خاطر قربانیاں اور اصلاحِ اُمت کے لئے دعوتِ اسلامی اور بانیٔ دعوتِ اسلامی دامت برکاتہم العالیہ کا کردارِ باصفا جیسے عنوانات "**تعارفِ امیرِ اہلسنّت**" کتاب کی روشنی میں ہی گفتگو کیجئے۔

﴿6﴾ حدیثِ پاک میں ہے "**تَهَادَوْا تَحَابُّوْا**" یعنی **ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی**۔ (مؤطا امام مالک، ج ۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے ذاتی طور پر حسبِ اِستطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر اجتماعی قربانی میں حصہ لینے والی شخصیات کو مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل اور VCDs وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں اور اس کے علاوہ سارا سال ان سے رابطہ رکھیے تاکہ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے مضبوط وابستگی اور مدنی کاموں میں ترقی ہو سکے۔

﴿7﴾ دعوتِ اسلامی کا کوئی بھی ذِمہ دار، اِجتماعی قربانی کی رقم خود وصول نہ کرے بلکہ اس رقم کے مالک کو مجلس اجتماعی قربانی کے ذمہ دار کی طرف بھیجے یا لیکر آئے اور مجلس اجتماعی قربانی کے ذمہ دار آنے والے اسلامی بھائی سے خندہ پیشانی سے ملاقات کریں۔ اجتماعی قربانی کا وکالت نامہ مکمل پڑھ کر یا سنا کر وکالت نامہ پر دستخط لیں اور اس حصہ دار اسلامی بھائی کا مکمل ریکارڈ لیکر محفوظ کرلیں کہ آیندہ بھی کام آسکے۔ اجتماعی قربانی کی مد میں کسی کو اَز خود رقم وصول کرنے کی اجازت نہیں۔

﴿8﴾ "مجلس اجتماعی قربانی" کے ذِمہ داران کو بھی وکالت نامہ پر درج شدہ مخصوص مدّات کے علاوہ کسی بھی مد میں خرچ کرنے کی اجازت نہیں، اَخراجات کی پالیسی، پیشگی براہِ راست دارالافتاء اہلسنّت سے لینی ہوگی۔ اپنی طرف سے مدّات بڑھانے کی

www.dawateislami.net

کسی کواجازت نہیں نیز مجلسِ مالیات کے متعلقہ ذِمہ داران،قربانی کے فوراً بعد ہراجتماعی قربانی کا آڈٹ بھی کرتے رہیں۔

﴾9﴿ مجلس اجتماعی قربانی کے ذمہ دار، وقتاً فوقتاً اپنے شعبے کا مدنی مشورہ بھی کرتے رہیں تاکہ ذِمہ داران کی مدنی تربیت بھی ہوتی رہے اور غیر شرعی وغیر تنظیمی اخراجات سے بچا جاسکے۔

﴾10﴿ مجلس اِجتماعی قربانی کا کوئی بھی ذِمہ دار حصوں کی رقم اپنے پاس نہ رکھے بلکہ روزانہ کی بنیاد پر مجلسِ مالیات کو جمع کرواتے رہیں اور مجلسِ مالیات بھی روزانہ کی بنیاد پر اس رقم کا حساب رکھ کر بینک میں جمع کرواتی رہے تاکہ رقم محفوظ ہوجائے اور بوقتِ ضرورت بینک سے نکلوائیں۔اس رقم کو نکلوانے پر جو کٹوتی ہوگی وہ بھی اجتماعی قربانی کے اخراجات میں شامل ہوگی۔

﴾11﴿ متعلقہ رکنِ شوریٰ،نگرانِ کابینات اور نگرانِ کابینہ کی اجازت سے عیدُ الاضحیٰ سے کم وبیش 63 دن قبل یعنی ماہِ شوال المکرّم میں ہی متعلقہ ذِمہ داران کی مدنی تربیت کے لیے''تربیتی اجتماع'' کا اہتمام کیا جائے نیز اِجتماعی قربانی کی VCD بھی دِکھائی جائے،دارالافتاء اہلسنّت کے مفتی صاحب کا تربیتی بیان ہو نیز شرکاء سے ہاتھوں ہاتھ ٹیسٹ لے کر جن کو اجتماعی قربانی کی اجازت دینی ہے دے دی جائے۔

﴾12﴿ اجتماعی قربانی کا جانور خریدنے کے لیے بطورِ قرض (ذاتی رقم،مدنی عطیات یا کسی سے اُدھار) لے کر خرچ کرنے کی اجازت نہیں

﴾13﴿ اِجتماعی قربانی کا گوشت ڈالنے کے لیے عشر کے توڑے،مدنی مراکز (مسجد و مدرسہ و جامعہ) کا پانی،اس کی بلڈنگ یا خالی پلاٹ استعمال کرنے کی اجازت نہیں اور نہ ہی ان مراکز کی بجلی و گیس استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

﴾14﴿ ہرایک جانور کو 7 افراد کے لیے مُتعینہ طور پر خریدیں یعنی جب جانور خریدیں اس وقت ہی تعین کرلیں کہ یہ جانور فلاں 7 افراد کے لیے ہے،بِلا تَعَیُّن 49 افراد کے لیے 7 گائے نہ خریدیں۔

﴾15﴿ ہر جانور پر بطورِ نشانی ٹوکن لگائیں تاکہ کسی جانور کے مرنے یا گم ہونے کی صورت میں دیگر کی قربانی پر اثر نہ ہو مختص (Fix) نہ کرنے کی صورت میں سخت دُشواری کا سامنا ہوسکتا ہے۔

﴾16﴿ اِجتماعی قربانی کے اخراجات میں معروف اَخراجات مثلاً جانور کا چارہ،ان کے باندھنے اور حفاظت کے لیے کئے جانے والے انتظامات اور گوشت فروش (قصاب) کے اخراجات شامل ہیں جبکہ موبائل فون کے اخراجات،تحائف،لنگرِ رسائل،عیدملن پارٹی وغیرہ کے اخراجات کرنے کی اجازت نہیں۔

﴾17﴿ مجلس اِجتماعی قربانی کے ذمہ داران،''**جانور کے 22 اجزاء**'' (**فیضانِ سنّت** جلد اوّل اوپر سے صَفحہ 405 تا 408 پر ہے:

میرے آقا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیہِ رَحْمَةُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: حلال جانور کے سب اجزا حلال ہیں مگر بعض کہ حرام یا ممنوع یا مکروہ ہیں) گوشت

فروش (قصاب) کو بتا کر علیحدہ کروائیں، گوشت میں ہرگز شامل نہ کئے جائیں اور ہوسکے تو ان 22 اجزاء کو زبانی یاد کرلیا جائے

## 18 ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب

| # | سطح | ذمہ دار | # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شہر | شہر ذمہ دار مجلس اجتماعی قربانی | 4 | ملک | نگرانِ مجلس مالیات |
| 2 | کابینہ | کابینہ ذمہ دار مجلس اجتماعی قربانی | 5 | رکنِ شوریٰ | رکن شوریٰ مجلس اجتماعی قربانی |
| 3 | کابینات | کابینات ذمہ دار مجلس اجتماعی قربانی | | | |

کابینات ذِمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رکن ہیں اِسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول

| # | مدنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مدنی پھول |
|---|---|---|---|---|
| 1 | نگرانِ کابینہ / کابینہ ذِمہ دار مجلس اجتماعی قربانی | کابینہ | شہر ذمہ داران | فی جانور آمدن وخرچ کا ریکارڈ فارم وکارکردگی فارم، حصہ داران کا ریکارڈ فارم، سابقہ اور موجودہ سال کا جائزہ فارم، اجتماعی قربانی کے متعلق سوال وجواب والا فارم اور شہر میں درپیش مسائل (ہیڈنگ وائز) |
| 2 | نگرانِ کابینات / کابینات ذِمہ دار مجلس اجتماعی قربانی | کابینات | کابینہ ذمہ داران | // |
| 3 | رُکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس اِجتماعی قربانی | ملک | کابینات ذمہ داران | // |

**وضاحت:** رُکن شوریٰ / نگرانِ مجلس، پاکستان سطح کی مجلس کا ہر ماہ مدنی مشورہ فرمائیں ایک ماہ بذریعہ انٹرنیٹ اور ایک ماہ بالمشافہ

**کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں** (ذُوالحجۃ الحرام) : شہر/ مقام: 14 کابینہ: 16 کابینات: 20 ملک: 25 (جب بھی کارکردگی جمع کرانی ہو تو فی جانور آمدن وخرچ کا ریکارڈ فارم وکارکردگی فارم، حصہ داران کا ریکارڈ فارم، سابقہ اور موجودہ سال کا جائزہ فارم، اجتماعی قربانی کے متعلق سوال وجواب والا فارم اور شہر میں درپیش مسائل کو ہیڈنگ وائز لکھ کر مکتوب بھی بھیجنا ہوگا)

**19** مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ ماہ ''جُمادَی الاُخریٰ'' سے ماہِ ذُوالحِجّۃِ الحَرام تک ہر ماہ

www.dawateislami.net

مجلس کے مدنی مشورے کیے جائیں۔ ماہِ جُمَادَی الاُخریٰ میں تمام ذمہ داران کا مدنی مشورہ کر کے مدنی پھولوں کے مطابق مدنی تربیت مثلاً رابطے، بکنگ، دیکھ بھال، فائل ورک، کارکردگی بنانا اور اس کا مکمل حساب رکھنے وغیرہ پر کلام کیا جائے اور ذیلی حلقہ سطح تک اجتماعی قربانی کا ہدف دیا جائے اور بھرپور فالو اَپ (Follow Up) کا ذہن دیا جائے۔

﴿20﴾ پاکستان سطح کے ذمہ دار، ذُوالْحِجَّةِ الْحَرَام کی 25 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک مکتب اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کر دیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کر دیں)

﴿21﴾ متعلقہ نگرانِ مشاورت سے مربوط رہیں، اِنھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ **مربوط** رہے گا وہ اتنا ہی **مضبوط** ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿22﴾ یاد رہے کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ اور دارالافتاء اہلسنّت سے ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔

﴿23﴾ ذمہ داران اپنی دُنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں، فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیر اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

❁ مدنی حلیے ﴿ **داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز عمامہ شریف (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) **کلی** والا سفید کُرتا سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے **مدنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ) ﴾ کی پابندی کریں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیء وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر** اور **محبوب** بننے کی سعی جاری رکھیے۔ اِستقامت پانے کے لئے کم ازکم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنائیے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے **مدنی پھولوں** کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ اراکینِ مجلس، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم ازکم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live **مدنی مذاکرہ** دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ** مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجلَّ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

**مرکزی مجلسِ شوریٰ ❁دعوتِ اسلامی❁**

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه عزَّوَجلَّ

**تاریخ اِجراء**: ۲۱ صفر المظفر ۱۴۳۶ھ، 14 دسمبر 2014ء